علمِ استدلال اور جزئیات و دلائل کی روشنی میں اہلِ سنّت و جماعت کے
چالیس ضروری عقائد کا ایک گراں قدر علمی اور دستاویزی مجموعہ

الفرقُ الوجیز بین السّنی العزیز والوہابی الرجیز

یعنی

سُنّی اور وہابی کا فرق

تصنیف لطیف

اعلیٰ حضرت مجدّدِ دین و ملّت حضور

امام احمد رضا خان محدّث بریلوی قدس سرّہٗ

تحقیق و تخریج و تحشیہ

محمد طفیل احمد مصباحی

شعبۂ نشر و اشاعت سُنّی علما تنظیم کٹیہار بہار

زیرِ اہتمام: پیرِ طریقت حضرت مولانا الحاج شاہ عبد الواجد نوری دام ظلہ العالی

بانی و سرپرست سنّی علما تنظیم، کٹیہار، بہار

دلائل وجزئیات کی روشنی میں اہلِ سنت وجماعت کے چالیس بنیادی
اور ضروری عقائد کا ایک علمی اور دستاویزی مجموعہ

الفرق الوجیز

بین السنّی العزیز والوھابی الرجیز

سُنّی اور وہابی کا فرق

تصنیف
حضور اعلیٰ حضرت شاہ امام احمد رضا خاں محدث بریلوی قدس سرہ

تحقیق وتخریج وتحشیہ
محمد طفیل احمد مصباحی

ناشر
شعبۂ نشر و اشاعت سنّی علما تنظیم ، کٹیہار، بہار

زیرِ اہتمام:
پیرِ طریقت حضرت مولانا عبد الواجد نوری دام ظلہ العالی
بانی وسرپرست سنی علما تنظیم، کٹیہار، بہار

نام کتاب سنی اور وہابی کا فرق
الفرق الوجيز بين السنّي العزيز والوهابي الرجيز
مصنّف: اعلیٰ حضرت شاہ امام احمد رضا خان محدث بریلوی قدس سرہ
تحقیق و تحشیہ: محمد طفیل احمد مصباحی
پروف ریڈنگ: محمد طفیل احمد مصباحی
کمپوزنگ: پیامی کمپیوٹر گرافکس، مبارک پور 9235647041
طباعت واشاعت: ربیع الآخر ۱۴۳۶ھ/فروری ۲۰۱۵ء
ناشر: شعبۂ نشر و اشاعت، سنی علما تنظیم، کٹیہار، بہار

-ملنے کے پتے-

(۱)..... سنی علما تنظیم، رضا نگر، کٹیہار، بہار
(۲).... محمد طفیل احمد مصباحی، ماہ نامہ اشرفیہ، مبارک پور، اعظم گڑھ (یوپی)
(۳)... حضرت مولانا عبدالواجد نوری، امام بارہ بھائی مسجد،
سِنّار، ضلع ناسک، مہاراشٹر
(۴)... المجمع الاسلامی، ملت نگر، مبارک پور، اعظم گڑھ (یوپی)
(۵)... نوری کتاب گھر، نزد جامعہ اشرفیہ، مبارک پور، اعظم گڑھ (یوپی)
(۶).... مکتبہ حافظِ ملت، مبارک پور، اعظم گڑھ (یوپی)

کتاب حاصل کرنے کے لیے رابطہ کریں:- 09621219786/09326848537

عقیدہ(۲۰)–جو غیر نبی کو احکام شرعیہ کی وحی آنا مانے بڑے دجال کا چھوٹا بھائی ہے۔

عقیدہ(۲۱)–جو غیر نبی کو مثل انبیا معصوم جانے (وہ) خبیث رافضی ہے۔[1]

---

(۱)- **انبیاے کرام و ملائکۂ عظام علیہم السلام معصوم ہیں:**
اہل سنت و جماعت کے نزدیک ''معصوم'' صرف انبیائے کرام و ملائکۂ عظام ہیں۔ان کے علاوہ کوئی معصوم نہیں۔قرآن و حدیث اور کتب عقائد و کلام میں انبیائے کرام و ملائکۂ عظام کی ''عصمت'' یعنی ان کے معصوم ہونے پر کثیر دلائل و شواہد موجود ہیں۔غیر نبی کو معصوم کہنا یہ رافضی (شیعہ) کا مذہب ہے۔

شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی لکھتے ہیں:
''العدالة شرط الإمامة لا العصمةخلافا للشيعة.''

(تحفۂ اثنا عشریه عربی ،ص:۱۲۰ مکتبة الحقيقة،ترکی)

ترجمہ: امامت کے لیے عدالت شرط ہے عصمت (معصوم ہونا) شرط نہیں۔لیکن شیعہ کا اس میں اختلاف ہے۔
(شیعہ حضرات امامت کے لیے عصمت کو شرط مانتے ہیں اور ائمہ کو معصوم گردانتے ہیں)

''شرح فقہ اکبر'' میں ہے:
''الأنبياء كلهم منزهون عن الصغائر والكبائر و الكفر والقبائح.''

(شرح فقه اکبر ۹۹،۱۰۰،دار الكتب العلمية ،بيروت)

ترجمہ: تمام انبیائے کرام گناہِ صغیرہ و کبیرہ، کفر اور بری باتوں سے پاک اور معصوم ہیں۔

''شرح مواقف '' میں ہے:
''أجمع أهل الملل والشرائع كلها على وجوب عصمتهم.''

(شرح مواقف ٤/ ۲۸۸،جزء :۸،دار الكتب العلمية بيروت)

ترجمہ: تمام ادیان و مذاہب کے ماننے والے انبیائے کرام کی عصمت (معصوم ہونے) پر متفق ہیں۔

امام عبدالوہاب شعرانی فرماتے ہیں:

"الأنبياء عليهم الصلوة والسلام كلهم معصومون لايصدر عنهم ذنب و لو صغيرة سهوا."

(اليواقيت والجواهر ،ص: ٢٣١،دار الكتب العلمية ،بيروت)

ترجمہ: تمام انبیائے کرام معصوم ہیں۔ ان سے گناہ صادر نہیں ہوتا، اگرچہ گناہِ صغیرہ ہی کیوں نہ ہو۔ (نہ قصداً) نہ سہواً۔

امام تقی الدین ابوالحسن علی سبکی لکھتے ہیں:

"المختار أنهم معصومون من الكبائر و الصغائر."

(شفاء السقام فى زيارة خير الأنام ،ص:١٩٥، مكتبة الحقيقة ،تركى)

ترجمہ: مذہب مختار یہی ہے کہ انبیائے کرام گناہِ صغیرہ و کبیرہ سے منزہ اور معصوم ہیں۔

(از: طفیل احمد مصباحی عفی عنہ)

☆☆☆☆☆